# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: JANG QUETTA

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 2

## گورنر ہاؤس میں قائداعظم، نواز شریف کی سالگرہ اور کرسمس کا کیک کاٹا گیا

**وزراء سمیت اہم شخصیات کی شرکت "نواز شریف قوم کے قائد ہیں" جعفر مندوخیل کی مسیحی برادری کو مبارکباد**

کوئٹہ (خ ن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی 148 ویں یوم پیدائش کی مناسبت سے تقریب منعقد کی گئی جس میں گورنر جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹریز برکت علی رند، حاجی ولی محمد نورزئی، نوابزادہ زرین مگسی، میر عطاء اللہ لانگو، نسیم انور کاسی، سحر گل خلجی سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی، اس موقع پر گورنر جعفر مندوخیل نے کہا کہ آج قائداعظم کا یوم ولادت ہے، وہ بڑے لیڈر تھے، تقریب میں پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف کی سالگرہ اور کرسمس کی خوشی میں بھی الگ الگ کیک کاٹے گئے، گورنر مندوخیل نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف قوم کے قائد ہیں اور آج کے دن سب کو مبارک پیش کرتا ہوں، گورنر بلوچستان نے کرسمس ڈے کی مناسبت سے تمام مسیحی برادری کو مبارکباد دی اور ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل علی حسن زہری سے صوبائی وزیر کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے صوبائی وزراء اور سینیٹرز ملاقات کر رہے ہیں



گورنر جعفر مندوخیل قائداعظم محمد علی جناح اور نواز شریف کے یوم پیدائش کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## گورنر ہاؤس میں یوم ولادت قائد اعظم کی تقریب

**گورنر جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزراء نے ملکر کیک کاٹا**

**ن لیگ کے قائد نواز شریف کی سالگرہ کی مناسبت سے بھی کیک کاٹا گیا**

کوئٹہ (خ ن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی 148 ویں یوم پیدائش کی مناسبت سے ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی جس میں ......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹریز برکت علی رند، حاجی ولی محمد نورزئی، نوابزادہ زرین مگسی، میر عطاء اللہ لانگو، ملک نسیم انور کاسی، سحر گل خلجی، نصیر خان اچکزئی، سجاد ریسانی اور اکمل خان سمیت دیگر اہم اشخاص اور پاکستان مسلم لیگ ن کے وکلاء بھی موجود تھے۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل قائداعظم محمد علی جناح، میاں محمد نواز شریف کی یوم پیدائش کے موقع پر تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل نو منتخب صوبائی وزیر علی حسن زہری سے حلف لے رہے ہیں، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 14 | جمعرات، 23 جمادی الثانی، 26 دسمبر 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی علیحدگی کی تحریک یا دہشتگردی نہیں کرپشن ہے، وزیر اعلیٰ

## عوام سے کرپشن کے خاتمے کیلئے مدد چاہتا ہوں، ثبوت کے ساتھ آگاہ کریں، بدعنوانوں کو نشان عبرت بنائیں گے، اپنے شہداء پر قوم کو فخر ہے

## قائداعظم دنیا کے عظیم لیڈر رہے، بحیثیت قوم بلوچ فیصلہ کرے، انہیں کیوں لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جارہا ہے، قائد ریذیڈنسی زیارت میں خطاب



زیارت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے 148ویں یوم ولادت کی مناسبت سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

زیارت (نمائندہ ایکسپریس) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح نہ صرف برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنما اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات دلا کر آزاد ملک کا تحفہ دیا، قائداعظم کے وژن، عزم اور استقلال کی بدولت ہی برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کا قیام ممکن ہو سکا آج کا دن قائد کے رہنما اصولوں پر گامزن ہو کر وطن (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

عزیز کی ترقی کے لئے ہر فرد کی انفرادی جدوجہد اور یکجہتی کی تجدید عہد کا دن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایف سی نارتھ بلوچستان کے زیر اہتمام قائد ریذیڈنسی میں منعقدہ یوم قائد کی پروقار تقریب سے بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت اعلیٰ سول و فوجی حکام بھی شریک تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وطن عزیز نے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں وہاں اس ملک کو ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر جن جن لوگوں نے کردار ادا کیا پاکستانی قوم ان کا احسان تاقیامت نہیں بھول سکتی، پاکستانی قوم کسی بھی ملک دشمن عناصر کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہو گی بلکہ قومی یکجہتی اور اتفاق رائے سے ایک منظم قوم بن کر ابھرے گی جس پاکستان کا خواب محمد علی جناح نے دیکھا تھا وہ خواب مکمل طور پر شرمندہ تعبیر ہو گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ سپوت جو اپنی جانوں اور مقدس لہو کا نذرانہ پیش کر کے اس پاک دھرتی کی حفاظت کر رہے ہیں ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج کے دن بھی اس دھرتی کے لئے تربت کے علاقے میں دو عظیم سپوتوں نے ہمارے آنے والے محفوظ مستقبل اور نسلوں کے لئے اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا ہے پاکستان کی فوج، ایف سی، پولیس، لیویز اور پاک دھرتی پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو بلوچستان کی حکومت، لوگ اور یہاں کا بچہ بچہ خراج عقیدت پیش کرتا ہے شہداء کی فیملیز

اور ان تمام غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو عزم و حوصلے کے ساتھ سرزمین پاکستان کے دفاع کی جنگ لڑ رہے ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی، علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے بلوچستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے کرپشن کے خلاف جہاد میں عملی کردار ادا کرنا ہے ہم نے کرپشن پر قابو پالیا تو روز قیامت قائداعظم محمد علی جناح کے سامنے ان کے خواب کی تعبیر کے ضمن میں سرخرو ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لاحاصل جنگ کی طرف انہیں دھکیلا جا رہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا؟ کیا اس تشدد، بندوق کے زور اور دہشت گردی کے ذریعے خدانخواستہ پاکستان کو توڑا جا سکتا ہے؟ تو یہ واضح ہے کہ یہ ممکن ہے نہیں ہو سکتا یہ نہیں ہوگا، تو پھر کیوں بلوچوں کو نسل کشی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے عام بلوچ کو دہشت گردی کی طرف لے جایا جا رہا ہے اس بنیاد پر کہ یہاں غیر متوازن ترقی ہے اور سہولیات میسر نہیں، یہ موقف محض پروپیگنڈا ہے یہ مسائل صرف بلوچستان کے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون سرزمین قائداعظم محمد علی جناح کی میزبان رہی ہے آپ کو اس پر تاقیامت فخر ہونا چاہئے اس خطے نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کی ہے آج بلوچ خطے کے ساتھ ساتھ پشتون خطے کو بھی دہشت گردی اور تشدد کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج نہیں تو تم کیا پچاس سال بعد اس پر بحث ہو رہی ہوگی کہ ایک طرف آپ کی حکومت بلوچ و پشتون اور بلوچستان کے بچوں اور بچیوں کو ہارورڈ اور آکسفورڈ بھجوا رہی تھی تو دوسری طرف ساتویں کلاس کی قانون کی طالبہ کو بے بنیاد پروپیگنڈا اور ڈیجیٹل دہشتگردی کے ذریعے ذہن سازی کر کے خودکش جیکٹ پہنائی جا رہی تھی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میں کوئٹہ میں بیٹھ کر کیسے اندازہ لگاؤں گا کہ زیارت میں نوکری بیچی گئی ہے آج ٹیکنالوجی کا دور ہے آپ مجھے آگاہ کریں نوکریوں کی خرید و فروخت میں ملوث عناصر کو نمونہ عبرت بنائیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں عوامی فلاح و بہبود کے تمام منصوبوں کو اخبارات اور میڈیا میں مشتہر کیا جا رہا ہے تاکہ عام آدمی کو علم ہو ان کے منتخب نمائندوں نے کیا اسکیمات تجویز کی ہیں اور ان پر کہاں تک عمل درآمد ہوا ہے یہ عوام کے ٹیکسز کے پیسے ہیں جن کی جوابدہی کا حق بھی آپ کو ہی حاصل ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنہوں نے تاریکیوں کو روشنی میں تبدیل کرنا ہوتا ہے وہ آرام سے نہیں بیٹھتے، آپ کی مدد سے بلوچستان کو دہشت گردی اور کرپشن کی لعنت سے آزاد کرائیں گے اور اس صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کر کے دکھائیں گے، تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زیارت میں قائداعظم محمد علی جناح نرسنگ کالج کے قیام کا اعلان کیا جبکہ گیس پریشر میں کمی کے مسائل سے نمٹنے کیلئے نئی گیس پائپ لائن منصوبے کے لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر اقدامات کا بھی یقین دلایا۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph: 081-2822909
قیمت 30 روپے

جلد نمبر 31 | بروز جمعرات، 26 دسمبر 2024ء بمطابق 23 جمادی الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 355


# بلوچ بحیثیت قوم فیصلہ کرے لاحاصل جنگ سے کیا ملے گا

میر سرفراز بگٹی

**بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی سے علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے، بندوق اور دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو توڑا جا سکتا ہے تو یہ واضح ہے کہ یہ ناممکن ہے یہ نہیں ہو سکتا**

**عام بلوچ کو دہشت گردی کی طرف لے جایا جا رہا ہے، اس بنیاد پر کہ یہاں غیر متوازن ترقی ہے اور سہولیات میسر نہیں، یہ موقف محض پروپیگنڈا ہے یہ مسائل صرف بلوچستان کے نہیں پورے ملک کے ہیں**

زیارت (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح نہ صرف برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنما اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات دلا کر آزاد ملک کا تحفہ دیا، قائد اعظم کے وژن، عزم اور استقلال کی بدولت ہی برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کا قیام ممکن ہو سکا آج کا دن قائد کے رہنما اصولوں پر گامزن ہو کر وطن عزیز کی ترقی کے لیے ہر فرد کی انفرادی جدوجہد اور یکجہتی کی تجدید عہد کا دن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم قائد کے موقع پر ایف سی نارتھ بلوچستان کے زیر اہتمام قائد ریذیڈنسی میں منعقدہ یوم قائد کی پروقار تقریب سے بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وطن عزیز نے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں وہاں اس ملک کو ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں

بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں



زیارت، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قائد اعظم ڈے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وہ اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں جن جن لوگوں نے کردار ادا کیا پاکستانی قوم کبھی بھی ملک دشمن عناصر کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوگی بلکہ قومی یکجہتی اور اتفاق رائے سے ایک منظم قوم بن کر ابھرے گی جس پاکستان کا خواب محمد علی جناح نے دیکھا تھا وہ خواب مکمل طور پر شرمندہ تعبیر ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ سپوت جو اپنی جانوں اور مقدس لہو کا نذرانہ پیش کر کے اس پاک دھرتی کی حفاظت کر رہے ہیں ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی، علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے بلوچستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے کرپشن کے خلاف نفرت کا اور عملی کردار ادا کرنا ہے، ہم نے کرپشن پر قابو پا لیا تو روز قیامت قائد اعظم محمد علی جناح کے سامنے ان کے خواب کی تعبیر کے ضمن میں سرخرو ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لاحاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جا رہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا؟ کیا اس تشدد، بندوق کے زور اور دہشت گردی کے ذریعے خدانخواستہ پاکستان کو توڑا جا سکتا ہے؟ تو یہ واضح ہے کہ یہ ناممکن ہے یہ نہیں ہو سکتا یہ نہیں ہوگا، تو پھر کیوں بلوچوں کو نسل کشی کی طرف لے جایا جا رہا ہے عام بلوچ کو دہشت گردی کی طرف لے جایا جا رہا ہے اس بنیاد پر کہ یہاں غیر متوازن ترقی ہے اور سہولیات میسر نہیں، یہ موقف محض پروپیگنڈا ہے یہ مسائل صرف بلوچستان کے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون سرزمین قائد اعظم محمد علی جناح کی میزبان رہی ہے آپ کو اس پر تا قیامت فخر ہونا چاہیے اس خطے نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کی ہے آج بلوچ خطے کے ساتھ ساتھ پشتون خطے کو بھی دہشت گردی اور تشدد کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے کرپشن پر کنٹرول کریں گے اس میں آپ کی مدد درکار ہے آج کا دن تجدید عہد کا دن ہے جس میں ہم سب نے یہ عہد کرنا ہے کہ اپنے قائد کے پاکستان کو ان کے وژن کے مطابق لیکر چلیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل بی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 36 | بروز بدھ، 25 دسمبر 2024ء بمطابق 22 جمادی الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 354

بینظیر بھٹو کو خراج عقیدت پیش

# صوبائی حکومت عوامی توقعات پر پورا اترے گی، وزیراعلیٰ

صوبے بھر میں شہید جمہوریت کی برسی کے موقع پر تقاریب منعقد کر کے بھرپور انداز میں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا، اجلاس سے خطاب

**مشاورت و اتفاق رائے سے صوبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کام کرینگے، اسمبلی اجلاس کے بعد ارکان سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژن صدور اور جنرل سیکرٹریز کا اجلاس منگل کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی کی تقاریب کی تیاریوں کے حوالے سے مشاورت کی گئی اور اس ضمن میں ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان بھر میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی کے موقع بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد رکن صوبائی اسمبلی سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری، سینئر میر عبدالقدوس بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر

بزنجو، نومنتخب رکن صوبائی اسمبلی میر علی حسن زہری اور سینیٹر ثمینہ زہری نے ملاقات کی اور بلوچستان کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال، امن وامان اور عوامی فلاح و بہبود پر تبادلہ خیال کیا اس ملاقات میں بلوچستان کی اعلیٰ سیاسی شخصیات نے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کو بارآور بنانے پر اتفاق کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام نے صوبائی حکومت سے جو توقعات وابستہ کر رکھی ہیں اس پر پورا اتریں گے اور مشاورت و اتفاق رائے سے صوبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کام کریں گے خوشگوار ماحول میں ہونے والی اس غیر رسمی ملاقات میں بلوچستان کی ترقی اور صوبے کو درپیش چیلنجز سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB HUB

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

بروز بدھ 25 دسمبر 2024ء

# حکومت و اپوزیشن ارکان کا چیک پوسٹوں کیخلاف احتجاج خاتمے کیلئے بات کروں گا

میر سرفراز بگٹی

...ں پریشان کن ہیں، عوام کو تلاشی کے بہانے گھنٹوں روکا جاتا ہے، اسلم رئیسانی مسافروں کا وقت ضائع ہوتا ہے، یونس عزیز زہری، وزیراعلیٰ عوام کو تنگ کرنے کا نوٹس لیں، نواب شاہ زہری

...و ہدایت کروں گا عام لوگوں کو تنگ نہ کریں، چیک پوسٹیں دہشتگردی کے واقعات کے پیش نظر بنائی گئی ہیں، سیکورٹی اداروں کا کام امن وامان کو بہتر بنانا ہے، وزیراعلیٰ کا اظہار خیال

...اے) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک ... اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے زیر صدارت شروع ہوا اجلاس میں چیف آف سراوان سابق وزیراعلیٰ و رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی، سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری سمیت حکومتی اور اپوزیشن ارکان کی جانب سے لکپاس سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں ایف سی کے چیک پوسٹوں کے خاتمے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یقین دہانی کرائی کہ وہ کور کمانڈر سے ایف سی چیک پوسٹوں کے خاتمے کے لیے بات کریں گے چیک پوسٹیں دہشتگردی کے واقعات کے پیش نظر بنائی گئی چیک پوسٹوں پر تعینات [بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر]

کہ ایف سی چیک پوسٹوں پر کوئٹہ کراچی جانے والے کم سے کم پانچ سے چھ گھنٹے ان چیک پوسٹوں پر تلاشی دینے میں لگتے ہیں جس کی وجہ سے ان چیک پوسٹوں پر مسافروں کا وقت ضائع ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ لکپاس چیک پوسٹ کو کہیں اور منتقل کیا جائے اسی طرح تمام اضلاع میں قائم چیک پوسٹوں کی وجہ سے عوام پریشانی کا شکار ہے سابق وزیراعلیٰ و رکن صوبائی اسمبلی نواب ثناء اللہ زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان ان چیک پوسٹوں پر عوام کو تنگ کرنے کا نوٹس لیں بلوچستان کے عوام بہت سے مسائل سے دوچار ہیں چیک پوسٹوں پر عوام سے رشوت لیا جاتا ہے پارلیمانی سیاست سے عوام کا اعتبار اٹھ چکا ہے ہم اپنے لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں کر سکتے ہمیں بلوچستان کے بنیادی مسائل پر توجہ دینی چاہیے نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ اس دفعہ فارم 47 چل گیا اگلے دفعہ کوئی ووٹ نہیں دے گا جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نیشنل پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی رحمت صالح بلوچ جمعیت علماء اسلام کے رکن بلوچستان میر زابد علی ریکی غلام دستگیر بادینی اور دیگر اراکین نے لکپاس میں ایف سی چیک پوسٹ سمیت پورے صوبے میں قائم چیک پوسٹوں میں قائم چیک پوسٹوں کی وجہ سے سخت مشکلات کا سامنا ہے گھنٹوں

[illegible] سیکورٹی اداروں کا کام امن وامان کو بہتر بنانا ہے بلوچستان اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹیں پریشان کن ہیں خصوصاً لکپاس کے مقام پر عوام کو چیکنگ کے بہانے روکا جاتا ہے [illegible] [illegible] سیکورٹی فورسز کو ہدایت کروں گا کہ عام لوگوں کو تنگ نہ کریں [illegible] چیک پوسٹوں [illegible] [illegible] کے حوالے سے دونوں فریقین کے درمیان [illegible] اسمبلی کے اراکین اسمبلی سے [illegible] صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دینی چاہیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی لکپاس ٹنل سے ایف سی چیک پوسٹ کے خاتمے، بس پرمٹ میں بہتری اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا

مسافروں کا وقت ضائع ہوتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان اس کا نوٹس لیں تاکہ لوگوں کے مشکلات حل ہو پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پی ایچ ای کو ختم کر کے اسے ایریگیشن میں تبدیل کیا جا رہا ہے حلقہ عبداللہ میں حلقہ انتخاب سے مجھے اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے تمام معاملات پر مشاورت سے طے ہونی چاہیے [illegible] [illegible] ذمہ داری ہے [illegible] بلوچستان اسمبلی اجلاس میں بلوچستان اسٹیبلشمنٹ کا ترمیمی مسودہ قانون 2024 پیش کر دیا گیا اسٹیبلشمنٹ کا ترمیمی مسودہ قانون صوبائی وزیر کی عدم موجودگی پر غلام دستگیر بادینی نے پیش کیا ایوان نے اسٹیبلشمنٹ کا ترمیمی مسودہ قانون [illegible] اسمبلی میں بلوچستان تنازعات کے متبادل حل کا ترمیمی مسودہ قانون 2024 پیش کیا گیا صوبائی وزیر [illegible] کمیٹی نے بلوچستان تنازعات کے متبادل حل کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کیا ایوان نے بلوچستان تنازعات کے متبادل حل کا مسودہ قانون 2024 قائمہ کمیٹی کے حوالے کر دیا گیا اسی طرح ایوان میں بلوچستان [illegible] ترمیمی مسودہ قانون 2024 پیش کیا گیا ایوان میں بلوچستان [illegible] قائمہ کمیٹی کے حوالے کر دیا گیا صوبائی وزیر صحت اور صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی کی عدم موجودگی پر اسپیکر نے وقفہ سوالات اگلے اجلاس کے لیے موخر کر دیا گیا اسپیکر نے رولنگ دی کہ اگر صوبائی وزراء حاضر نہیں ہوئے تو ان سوالات کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے گا جس پر اسپیکر نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 27 دسمبر سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | جمعرات 26 دسمبر 2024ء بمطابق 23 جمادی الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔353

# بلوچستان کا بڑا مسئلہ علیحدگی کی تحریک نہیں بلکہ کرپشن ہے

سرفراز بگٹی

## آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لا حاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جارہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا

## تشدد، بندوق کے زور اور دہشت گردی کے ذریعے خدانخواستہ پاکستان کو توڑا جاسکتا ہے؟ تو یہ واضح ہے کہ یہ ناممکن ہے یہ نہیں ہوسکتا یہ نہیں ہوگا

## 14 اگست 1947 سے پہلے ہماری شناخت بلوچ، پشتون اور مختلف قومیتوں سے تھی ہم آج بھی بلوچ اور پشتون ہیں لیکن پہلے پاکستانی ہیں، زیارت میں خطاب

زیارت (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح نہ صرف | برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنما اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)

دلا کر آزاد ملک کا تحفہ دیا، قائداعظم کے وژن، عزم اور استقلال کی بدولت ہی برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کا قیام ممکن ہوسکا آج کا دن قائد کے رہنما اصولوں پر گامزن ہو کر وطن عزیز کی ترقی کے لئے ہر فرد کی انفرادی جد وجہد اور یکجہتی کی تجدید عہد کا دن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو ایف سی نارتھ بلوچستان کے زیر اہتمام قائد ریذیڈنسی میں منعقدہ یوم قائد کی پروقار تقریب سے بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت اعلیٰ سول وفوجی حکام بھی شریک تھے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وطن عزیز نے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں وہاں اس ملک کو ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر جن جن لوگوں نے کردار ادا کیا پاکستانی قوم ان کا احسان تاقیامت نہیں بھول سکتی، پاکستانی قوم کبھی بھی ملک دشمن عناصر کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوگی بلکہ قومی یکجہتی اور اتفاق رائے سے ایک منظم قوم بن کر ابھرے گی جس پاکستان کا خواب محمد علی جناح نے دیکھا تھا وہ خواب مکمل طور پر شرمندہ تعبیر ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ سپوت جو اپنی جانوں اور مقدس لہو کا نذرانہ پیش کر کے اس پاک دھرتی کی حفاظت کررہے ہیں ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج کے دن بھی اس دھرتی کے لئے تربت کے علاقے میں دو عظیم سپوتوں نے ہمارے آنے والے محفوظ مستقبل اور نسلوں کے لئے اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا ہے پاکستان کی فوج، ایف سی، پولیس، لیویز اور پاک دھرتی پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو بلوچستان کی حکومت، لوگ اور یہاں کا بچہ بچہ خراج عقیدت پیش کرتا ہے شہدا کی فیملیز، اور ان تمام غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو عزم و حوصلے کے ساتھ سرزمین پاکستان کے تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی، علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے بلوچستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے کرپشن کے خلاف ٹھوس تدبیر اور عملی کردار ادا کرنا ہے، ہم نے کرپشن پر قابو پالیا تو روز قیامت قائداعظم محمد علی جناح کے سامنے ان کے خواب کی تعبیر کے ضمن میں سرخرو ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لا حاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جارہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا۔



زیارت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قائداعظم محمد علی جناح کے 148ویں یوم ولادت پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ملاقات کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 9

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 28 جمعرات 26 دسمبر 2024ء بمطابق 23 جمادی الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 354

قائداعظم نہ صرف برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنما اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات دلائی اور آزاد ملک کا تحفہ دیا، وزیراعلیٰ

# بلوچستان کو دہشتگردی اور کرپشن سے آزاد کرائینگے

قائداعظم ریذیڈنسی زیارت میں منعقدہ پروقار تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی کورکمانڈر بلوچستان جنرل راحت نسیم احمد خان آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر چیف سیکرٹری شکیل قادر سمیت اعلیٰ سول اور فوجی حکا

آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لاحاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جارہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا؟ مسائل صرف بلوچستان میں نہیں پورے پاکستان میں ہیں نوجوانوں نے کرپشن کو روکنا ہے ہماری شناخت اور پہچان صرف پاکستان

زیارت (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح نہ صرف برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنما اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات دلا کر آزاد ملک کا تحفہ دیا، قائداعظم کے وژن، عزم اور استقلال کی بدولت ہی برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کا قیام ممکن ہوسکا آج کا دن قائد کے رہنماء اصولوں پر گامزن ہوکر وطن عزیز کی ترقی کے لئے ہر فرد کی انفرادی جدوجہد اور یکجہتی کی تجدید عہد کا دن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو ایف سی نارتھ بلوچستان کے زیر اہتمام قائد ریذیڈنسی میں منعقدہ یوم قائد کی پروقار تقریب سے بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی کورکمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت اعلیٰ سول و فوجی حکام بھی شریک تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وطن عزیز نے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں وہاں اس ملک کو ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر جن جن لوگوں نے کردار ادا کیا پاکستانی قوم ان کا احسان تا قیامت نہیں بھول سکتی، پاکستانی قوم کبھی بھی ملک دشمن عناصر کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوگی بلکہ قومی یکجہتی اور اتفاق رائے سے ایک منظم قوم بن کر ابھرے گی جس پاکستان کا خواب محمد علی جناح نے دیکھا تھا وہ خواب مکمل طور پر شرمندہ تعبیر ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ سپوت جو اپنی جانوں اور مقدس لہو کا نذرانہ پیش کرکے اس پاک دھرتی کی حفاظت کررہے ہیں ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج کے دن بھی اس دھرتی کے لئے تربت کے علاقے میں دو عظیم سپوتوں نے ہمارے آنے والے محفوظ مستقبل اور نسلوں کے لئے اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا ہے پاکستان کی فوج، ایف سی، پولیس، لیویز اور پاک دھرتی پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو بلوچستان کی حکومت، لوگ اور یہاں کا بچہ بچہ خراج عقیدت پیش کرتا ہے شہداء کی فیملیز، اور ان تمام غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو عزم و حوصلے کے ساتھ سرزمین پاکستان کے تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی، علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے بلوچستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے کرپشن کے خلاف پختہ تہیہ اور عملی کردار ادا کرنا ہے، ہم نے کرپشن پر قابو پالیا تو روز قیامت قائداعظم محمد علی جناح کے سامنے ان کے خواب کی تعبیر کے ضمن میں سرخرو ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لاحاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جارہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا؟ کیا اس تشدد، بندوق کے زور اور دہشت گردی کے ذریعے خدانخواستہ پاکستان کو توڑا جاسکتا ہے؟ تو یہ واضح ہے کہ یہ ناممکن ہے یہ نہیں ہوسکتا یہ نہیں ہوگا، تو پھر کیوں بلوچوں کو نسل کشی کی طرف بڑھایا جارہا ہے عام بلوچ کو دہشت گردی کی طرف لے جایا جارہا ہے اس بنیاد پر کہ یہاں غیر متوازن ترقی ہے اور سہولیات میسر نہیں، یہ موقف محض پروپیگنڈا ہے یہ مسائل صرف بلوچستان کے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون سرزمین قائداعظم محمد علی جناح کی میزبان رہی ہے آپ کو اس پر تا قیامت فخر ہونا چاہئے اس خطے نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کی ہے آج بلوچ خطے کے ساتھ ساتھ پشتون خطے کو بھی دہشت گردی اور تشدد کی طرف دھکیلا جارہا ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج نہیں تو تیس یا پچاس سال بعد اس پر بحث ہو رہی ہوگی کہ ایک طرف آپ کی حکومت بلوچ پشتون اور بلوچستان کے بچوں اور بچیوں کو بارورڈ اور آکسفورڈ بھیج رہی تھی تو دوسری طرف ساتویں صدی کی قانون کی طالبہ کو بے بنیاد پروپیگنڈا اور آرٹیفیشل انٹیلی کے ذریعے ذہن سازی کرکے خودکش جیکٹ پہنائی جارہی تھی آج سوچنا ہوگا کہ بلوچ کو کس طرف لے جایا جارہا ہے؟



زیارت، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی قائداعظم ریذیڈنسی میں یوم قائد کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

10



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

Daily

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | جمعرات 26 دسمبر 2024، 23 جمادی الثانی 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 354

# بلوچ قوم کو آلہ کار بنا کر جنگ سے کیا حاصل ہوگا؟ وزیر اعلیٰ بلوچستان

## قائداعظم محمد علی جناح نہ صرف برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنماء اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات دلاکر آزاد ملک کا تحفہ دیا

## جنہوں نے تاریکیوں کو روشنی میں تبدیل کرنا ہوتا ہے وہ آرام سے نہیں بیٹھتے، بلوچستان کو دہشت گردی اور کرپشن کی لعنت سے آزاد کرائیں گے

زیارت (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح نہ صرف برصغیر بلکہ دنیا کے عظیم رہنماء اور رہبر تھے جنہوں نے قوم کو غلامی سے نجات دلاکر آزاد ملک کا تحفہ دیا، قائداعظم کے وژن، عزم اور استقلال کی بدولت ہی برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کا قیام ممکن ہو سکا آج کا دن قائد کے رہنماء اصولوں پر گامزن ہو کر وطن عزیز کی ترقی کے لئے ہر فرد کی انفرادی جدوجہد اور یکجہتی کی تجدید عہد کا دن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو ایف سی نارتھ بلوچستان کے زیر اہتمام قائد ریذیڈنسی میں منعقدہ یوم قائد کی پر وقار تقریب سے بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت اعلیٰ سول و فوجی حکام بھی شریک تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وطن عزیز نے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں وہاں اس ملک کو ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر جن جن لوگوں نے کردار ادا کیا پاکستانی قوم ان کا احسان تاقیامت نہیں بھول سکتی، پاکستانی قوم کبھی بھی ملک دشمن عناصر کی سازشوں سے مرعوب نہیں ہوئی بلکہ قومی یکجہتی اور اتفاق رائے سے ایک منظم قوم بن کر ابھرے گی جس پاکستان کا خواب محمد علی جناح نے دیکھا تھا وہ خواب مکمل طور پر شرمندہ تعبیر ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ سپوت جو اپنی جانوں اور مقدس لہو کا نذرانہ پیش کرکے اس پاک دھرتی کی حفاظت کر رہے ہیں ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج کے دن بھی اس دھرتی کے لئے تربت کے علاقے میں دو عظیم سپوتوں نے ہمارے آنے والے محفوظ مستقبل اور نسلوں کے لئے اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا ہے پاکستان کی فوج، ایف سی، پولیس، لیویز اور پاک دھرتی پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو بلوچستان کی حکومت، لوگ اور یہاں کا بچہ بچہ خراج عقیدت پیش کرتا ہے شہداء کی فیملیز اور ان تمام غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو عزم و حوصلے کے ساتھ سرزمین پاکستان کے تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی، علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے بلوچستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے کرپشن کے خلاف ٹھوس جامع اور عملی کردار ادا کرنا ہے، ہم نے کرپشن پر قابو پالیا تو روز قیامت قائداعظم محمد علی جناح کے سامنے ان کے خواب کی تعبیر کے ضمن میں سرخرو ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ بے لا حاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جا رہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا؟ کیا اس نعرہ، بندوق کے زور اور دہشت گردی کے ذریعے خدانخواستہ پاکستان کو توڑا جاسکتا ہے؟ تو یہ واضح ہے کہ یہ ممکن ہے یہ نہیں ہوسکتا یہ نہیں ہوگا، تو پھر کیوں بلوچوں کو نسل کشی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے عام بلوچ کو دہشت گردی کی طرف لے جایا جا رہا ہے اس بنیاد پر کہ یہاں غیر متوازن ترقی ہے اور سہولیات میسر نہیں، یہ موقف محض پروپیگنڈا ہے یہ مسائل صرف بلوچستان کے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون سرزمین قائداعظم محمد علی جناح کی میزبان رہی ہے آپ کو اس پر تاقیامت فخر ہونا چاہئے اس خطے نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کی ہے آج بلوچ خطے کے ساتھ ساتھ پشتون خطے کو بھی دہشت گردی اور تشدد کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج نہیں تو تیس یا پچاس سال بعد اس پر بحث ہو رہی ہوگی کہ ایک طرف آپ کی حکومت بلوچ پشتون اور بلوچستان کے بچوں اور بچیوں کو بارود اور کلاشنکوف بھیجوا رہی تھی تو دوسری طرف ساتویں صدی کی قانون کی طالبہ کو بے بنیاد پروپیگنڈا اور ٹیکنالوجی کے ذریعے ذہن سازی کرکے خودکش جیکٹ پہنائی جا رہی تھی آج سوچنا ہوگا کہ بلوچ کو کس طرف لے جایا جا رہا ہے؟ علامہ اقبال ایک عظیم مفکر، دانشور اور دور اندیش صفت انسان تھے جنہوں نے کئی سال پہلے بلوچوں کو استعمال کرنے کی پیش بندی کی تھی حضرت علامہ اقبال نے بلوچ قوم کو روشن مستقبل کا جو خواب دکھایا تھا بلوچ قوم کی اصل منزل وہ ہے، آج پشتون علاقوں میں قوم پرستی کو بڑھاوا دیا جا رہا ہے 14 اگست 1947 سے پہلے ہماری شناخت بلوچ، پشتون اور مختلف قومیتوں سے تھی ہم آج بھی بلوچ اور پشتون ہیں لیکن پہلے پاکستانی ہیں اس کے بعد ہی بلوچ، پشتون، سندھی، پنجابی، ہیں ہمارا کلچر زبان اور رہن سہن ایک حقیقت ہیں لیکن سب سے بڑھ کر پاکستان ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Balochistan Express

Page No. 11

# Zehri blames CM for inaction on Balochistan bank proposal

**By Our Reporter**

QUETTA: The Pakistan Peoples Party's provincial minister for Agriculture, Mir Ali Hassan Zehri, accused the Chief Minister of Balochistan, Sarfraz Bugti, of hindering the province's development. Zehri made these remarks on Wednesday after his oath-taking ceremony at the Governor House.

Mir Ali Hassan Zehri stated that he had repeatedly requested funds from the Chief Minister, but Bugti showed no serious commitment to supporting developmental work in the province. He emphasized that it is the Chief Minister's responsibility to implement development projects and that no minister can work without the Chief Minister's approval. "The CM doesn't want Balochistan to progress," Zehri alleged.

In response to a question, Zehri mentioned that he would accept any decision made by his party, including being nominated as Chief Minister in the future. He also added that he had requested 4 billion rupees from the Chief Minister for developmental projects in Hub, a region that attracts workers from across the country, yet only 22 out of 400 factories are currently operational.

Zehri also revealed that both he and the President of Pakistan Continued on page 7

had urged the Chief Minister to establish a Balochistan Bank to collect all revenues, benefiting the bank.

However, no action has been taken on this matter, and the Chief Minister has shown no seriousness. He suggested that the Chief Minister should be asked why he is neglecting this issue.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

No. 12

Balochistan Express

Quetta

# Pakistanis' identity lies in nationhood, not ethnicity: CM

By Our Reporter

QUETTA: The Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, stated that Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah was a great leader who freed the Muslims of the subcontinent from slavery and gifted them an independent country. He emphasized that today is a day to renew the pledge of individual struggle and unity for the progress of the beloved country by following the guiding principles of the Quaid.

He expressed these views while addressing a ceremony at the Quaid Residency, organized by FC North Balochistan, on the occasion of Quaid-e-Azam's birthday. The ceremony was attended by provincial ministers, members of the assembly, Corps Commander Balochistan Lieutenant General Rahat Naseem Ahmed Khan, IG FC North Major General Abid Mazher, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, and senior civilian and military officials.

The Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, mentioned that while the country has made progress in various fields, it has also earned the honor of becoming an invincible nuclear power. He emphasized that the Pakistan nation will never forget the contributions of individuals like Zulfikar Ali Bhutto and others who played a role in making Pakistan a nuclear power. He further stated that the nation will never be intimidated by threats from anti-state elements and will emerge as an organized nation through unity and consensus.

The Chief Minister further said that those sacrificing their lives to protect the sacred land deserve the deepest respect. He mentioned that the real issue in Balochistan is not insurgency, separatism, or terrorism, but corruption. Every individual in Balochistan must commit to fighting corruption. "If we control corruption, we will be successful in presenting the true interpretation of Quaid-e-Azam's vision," he added.

He emphasized that the identity of Pakistanis, both before and after the creation of Pakistan, is rooted in being Pakistanis first, followed by ethnic identities as Baloch, Pashtun, Sindhi, or Punjabi. "Our culture and language are important, but above all, Pakistan comes first," he asserted.

Mir Sarfraz Bugti assured the people of Balochistan that the provincial government would take all necessary actions to prevent corruption and promote transparency. At the end of the ceremony, the Chief Minister announced the establishment of the Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah Nursing College in Ziarat and assured that steps would be taken at both federal and provincial levels to address the gas pressure issues in the region.

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 14


## وزیراعلیٰ کیساتھ اختلاف کی خبروں کو مسترد کرتا ہوں، علی حسن

**دونوں پیپلز پارٹی کے کارکن، حکومت مدت پوری کریگی، میڈیا سے گفتگو کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر میر علی حسن زہری نے وزیراعلیٰ کے ساتھ اختلافات کی میڈیا پر چلنے والی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم دونوں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن ہیں اور مل کر بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کریں گے۔ حب سمیت بلوچستان بھر میں صدر مملکت آصف علی زرداری کے احکامات پر ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، صدر مملکت آصف علی زرداری بلوچستان کی تعمیر و ترقی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اپنی 5 سالہ مدت پوری کرے گی، حلف برداری کے بعد صحافیوں نے سوال پوچھا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے وزرا موجود ہیں اور پیپلز پارٹی کے وزراء کیوں نہیں آئے پر میرا جواب یہ تھا کہ یہ سوال وزیراعلیٰ سے پوچھیں کہ وہ کیوں نہیں آئے۔ میری چند صحافیوں کے ساتھ گفتگو کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا، میرے اور وزیراعلیٰ کے درمیان اختلافات کی سوشل میڈیا پر چلنے والی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 16


## ترقی و خوشحالی اور عوام کے مسائل کا حل ترجیحات میں شامل ہے، نعیم خان بازئی

ذمہ دار آفیسرز عوام کو سنیں اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے اپنی خدمات پیش کریں، کمشنر قلات

تحصیلوں کی سطح پر عوام کے مسائل حل ہونے چاہئیں، جائز درخواستوں پر ہر صورت میں عملدرآمد کیا جائیگا

خضدار (خ ن) کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل ان کی ترجیحات میں شامل ہے جس کے لئے تمام ذمہ دار آفیسرز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ عوام کو سنیں اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے اپنی خدمات پیش کریں اس سلسلے میں شہریوں کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ براہ راست مجھ سے مل سکتے ہیں اور اپنے مسائل بیان کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں

بقیہ 76 صفحہ نمبر

نے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کرخ کے نمائندوں بلدیاتی نمائندوں اور سماجی رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن اعجاز احمد جعفر بھی موجود تھے۔ کرخ سٹی اباد کے چیئرمین میر حاجی غلام یاسین جنگ وائس چیئرمین میر نذیر احمد موسیانی جنرل سیکریٹری انجینئر خورشید احمد رند ڈپٹی جنرل سیکریٹری حافظ محمد آدم جمعہ رابطہ سیکریٹری محمد رفیق آخوند سیف اللہ شاہوانی سابقہ ڈسٹرکٹ کونسل ممبر چوہدری عبدالحق رند، یونین کونسل بملونگ کے چیئرمین میر غلام سرور موسیانی وائس چیئرمین سٹی اباد عبدالرسول جاڈیو، حبیب اللہ جنگ و دیگر نے کمشنر قلات ڈویژن سے ان کے آفس میں ملاقات کی

## بڑھتی ہوئی آبادی بلوچستان کیلئے ٹائم بم سے کم نہیں، ماہرین

آبادی میں توازن نہیں لایا گیا تو اگلے چند سالوں میں پاکستان میں مزید 66 ہزار نئے پرائمری سکولوں کی ضرورت ہوگی

حکومت صوبے کے دور دراز علاقوں میں صحت تعلیم اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے لئے دوٹوک اقدامات اٹھا رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پائیدار ترقیاتی اہداف کے لئے کام کرنے والے ماہرین نے بڑھتی ہوئی آبادی کو ٹائم بم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آبادی میں توازن نہیں لایا گیا تو اگلے چند سالوں میں پاکستان میں مزید 66 ہزار نئے پرائمری سکولوں کی ضرورت ہوگی، 65 ملین نئی اسامیاں تخلیق کرنی پڑیں گی، 6 لاکھ 79 ہزار نئے اساتذہ کی ضرورت ہوگی، آبادی اور وسائل میں توازن برقرار رکھنے، خواتین کی تولیدی صحت اور صنفی تشدد کے خاتمے کے لئے معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا فعال متحرک کردار ادا کرنا ہوگا، قومی ٹاسک فورس نے جامع سفارشات تیار کی ہیں جنہیں جلدی منظوری کے لئے متعلقہ فورمز میں پیش کیا جائے گا، بلوچستان کی پھیلی ہوئی انسانی آبادیوں تک صحت تعلیم اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے لئے وسیع تر اصلاحات کا عمل جاری ہے، ان خیالات کا اظہار پاکستان میں یو این ایف پی اے کے نمائندے ڈاکٹر لوئے شبانے، ڈاکٹر سرمد سعید خان، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند، ایس ڈی پی آئی کے ڈاکٹر ساجد امین جاوید، یو این ایف پی اے بلوچستان کی کوآرڈینیٹر سعدیہ عطاء و دیگر نے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں پائیدار ترقیاتی پالیسی انسٹی ٹیوٹ (ایس ڈی پی آئی) اور اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یو این پاپولیشن فنڈ (یو این ایف پی اے) کے زیر اہتمام خواتین کی تولیدی صحت، صنفی تشدد کے خاتمے اور خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میڈیا کولیشن میٹنگ میں پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے نمائندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے صحت اور تعلیم کے شعبے میں وسیع تر اصلاحات کے حکومتی عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کا رقبہ وسیع اور آبادی پھیلی ہوئی ہے

## ایف سی دالبندین کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کر رہی ہے، کمانڈنٹ بریگیڈیئر سجاد علی

دالبندین قائداعظم محمد علی جناح کی یوم ولادت پر رنگا رنگ تقریب کا انعقاد، چاغی گرین کلب نے 5 گول سے پہلا میچ جیت لیا

بریگیڈیئر سجاد علی نے ونر ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد پیش کی کھلاڑیوں میں نقد انعامات بھی تقسیم کیے

دالبندین (نیوز ڈیسک) دالبندین قائداعظم محمد علی جناح کی یوم ولادت پر رنگا رنگ تقریب کا انعقاد اس سلسلے میں چاغی گرین کلب اور چاغی ریڈ کپال کلب کے مابین ایک میچ کھیلا گیا گرین کپال کلب نے 5 گول سے میچ جیت لیا تقریب کے مہمان خاص ہیڈ کوارٹر دالبندین کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر سجاد علی تھے تقریب میں ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء اعظم بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر دالبندین عبدالباسط بزدار، منیجر نقش، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین اسفندیار خان بامحمد زئی، دیگر قبائلی عمائدین، آفیسران بڑی تعداد میں شائقین بھی موجود تھے اس کے علاوہ آفیسر کلب میں بھی قائداعظم کی یوم ولادت پر مختلف کھیلوں کا انعقاد کیا گیا بریگیڈیئر سجاد علی نے بھی آفیسر کلب کا خصوصی دورہ کیا اس موقع قبائلی عمائدین اور شرکاء نے انکا پرتپاک استقبال کیا۔ بریگیڈیئر سجاد علی نے ونر ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے اور انہیں مبارک باد پیش کی کھلاڑیوں میں نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے اس موقع پر بریگیڈیئر سجاد علی نے کھلاڑیوں اور شائقین سے خطاب کرتے ہوئے کہا ضلع چاغی میں تمام کھیلوں کے کھلاڑی موجود ہیں صرف انکی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہے ایف سی دالبندین ہیڈکوارٹر صحت، تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل کے میدانوں میں بھی کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کر رہی ہے بریگیڈیئر سجاد علی نے مزید کہا صحت مند معاشرے کی نشانی یہی ہے کہ کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں کھیل کے میدان آباد ہونے سے ایک تو علاقے کے کھلاڑیوں کو اپنی ٹیلنٹ اجاگر کرنے کا موقع ملتا ہے اور ساتھ کھیل کے میدان بھی آباد ہوتے ہیں ایسے ایونٹ کے لیے ہم ہر وقت کھلاڑیوں کے ساتھ تعاون کرتے رہیں گے بریگیڈیئر سجاد علی نے مزید کہا آج 25 دسمبر کا دن ہے قائداعظم محمد علی جناح کی یوم ولادت ہے قائداعظم محمد علی جناح نے بڑی محنت مشقت کے بعد پاکستان کو ایک آزاد ریاست بنایا ہمیں آج کے دن کی قدر کرنی چاہیے آج ہی کے دن قائداعظم محمد علی جناح پیدا ہوئے اور اپنی سوچ اور فکر کے ساتھ اس مملکت خداداد کو ایک ریاست بنایا آج ہم آزاد ریاست میں سانس لے رہے ہیں 25 دسمبر قائداعظم محمد علی جناح کی یوم ولادت پر دالبندین میں مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا گیا جس میں فٹسال، سنوکر، ہینڈبال و دیگر ایونٹ شامل تھے تمام پروگرامز میں ایف سی ہیڈکوارٹر دالبندین کے بریگیڈیئر سجاد علی، ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء اعظم بلوچ و دیگر سول اور عسکری آفیسران نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 18

# صوبائی حکومت مغوی منصور کاکڑ کی بازیابی کا وعدہ پورا کرے، سیاسی و تاجر رہنما

**وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دھرنے کے شرکاء سے وعدہ کیا تھا مغوی طالبعلم کو جلد بازیاب کرالیں گے، رشید خان ناصر**

**منصور خان کاکڑ کا پورا خاندان پریشان ہے، تاجر برادری بازیابی کیلئے گرینڈ جرگے میں لائحہ عمل طے کریگی، عبدالرحیم کاکڑ**

**تاجر کے بیٹے کی بازیابی کیلئے دھرنا موخر کیا تھا ختم نہیں، منصور کاکڑ کی بازیابی کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی، مولانا قادر لونی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے رہنماؤں رشید خان کاکڑ، عبدالرحیم کاکڑ، مولانا عبدالقادر لونی، غلام نبی مری، حاجی گل......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

خلجی، عبدالحمید منصوری، چنگیز حئی بلوچ ایڈووکیٹ، حاجی یاسین مینگل نے منصور خان کاکڑ کی عدم بازیابی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی ادارے اور حکومت لوگوں کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے صوبے میں لاقانونیت، اغواء کاری، بدامنی کا دور دورہ ہے حکومت کی غفلت اور لاپرواہی سے عوام عدم تحفظ اور خوف و ہراس میں مبتلا ہیں مغوی کی عدم بازیابی کے حوالے سے بلوچستان کے آباد تمام اقوام پر مشتمل جرگہ منعقد کرکے آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ جرگے کی تاریخ کا اعلان مشاورت سے کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر رہنماء بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 16 نومبر کو کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے ماتانی محلہ سے کمسن منصور خان کاکڑ کو دن دیہاڑے اغواء کیا گیا آل پارٹیز، وکلاء برادری، چیمبر آف کامرس، طلباء تنظیموں، انجمن تاجران نے بھرپور انداز میں بازیابی کیلئے آواز اٹھائی جمہوری اور پرامن طریقے سے احتجاج، شٹر ڈاؤن، پہیہ جام ہڑتال، صوبائی اسمبلی اور ہائیکورٹ کے سامنے مسلسل 14 روز تک سخت سردی میں پرامن دھرنا دیا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دھرنے کے شرکاء سے وعدہ کیا کہ بہت جلد منصور کاکڑ کو بازیاب کیا جائے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 19

# تربت: سیکورٹی فورسز کے قافلے پر بم حملہ، 2 اہلکار شہید، 4 زخمی

**اہلکار عرب شیوخ کی ممکنہ آمد سے قبل حفاظتی انتظامات کا جائزہ لے رہے تھے، ریموٹ کنٹرول بم سے نشانہ بنایا گیا، علاقے میں سرچ آپریشن شروع**

تربت (نامہ نگار) تربت کے علاقے دشت زرین بگ میں سیکورٹی قافلے پر ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کے نتیجے میں دو سیکورٹی اہلکار شہید اور چار زخمی ہوگئے۔ سیکورٹی اہلکار عرب شیوخ کی شکار کے سلسلے میں متوقع آمد کے حوالے سے علاقے میں حفاظتی انتظامات کا جائزہ لے رہے تھے کہ اچانک دھماکہ ہوا۔ حملے میں ایف سی کے نائیک زمان اور لانس نائیک عمر حمید موقع پر شہید جبکہ سپاہی جاوید، سپاہی نعیم، سپاہی امین اور سپاہی وحید شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر تربت منتقل کردیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا اور سیکورٹی مزید سخت کردی گئی ہے۔

# کوئٹہ، گیس پائپ لائن دھماکے سے تباہ، مختلف علاقوں کو سپلائی معطل

**دھماکے سے پائپ لائن میں آگ لگ گئی، مرمت کا کام آج شروع کیا جائیگا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مغربی بائی پاس کلی خلی کے قریب نامعلوم افراد نے کوئٹہ سے پشین و زیارت جانے والی 18 انچ قطر گیس پائپ لائن کو دھماکے سے اڑا دیا جس سے کوئٹہ کے بعض علاقوں سمیت کچلاک، زیارت، بوستان، یارو، کربلا، برحرئی، پشین گیس کی سپلائی معطل ہوگئی، پائپ لائن کی مرمت کا کام آج کیا جائے گا، پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے مغربی بائی پاس کلی خلی کے قریب کوئٹہ سے پشین و زیارت جانے والی 18 انچ قطر گیس پائپ لائن کے ساتھ بم نصب کیا تھا جو گزشتہ روز زوردار دھماکے سے پھٹ گیا دھماکے کے باعث گیس پائپ لائن کا آٹھ فٹ کا حصہ تباہ ہوگیا اور اس میں آگ لگ گئی، شعلے آسمان سے باتیں کررہے تھے اطلاع ملنے پر سوئی سدرن گیس کمپنی کا عملہ، پولیس، بم ڈسپوزل اسکواڈ، سی ٹی ڈی، سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ دھماکے کے بعد خارج ہونے والی گیس نے آگ پکڑ لی جسے سوئی سدرن کی ٹیکنیکل ٹیم نے مین والو بند کرکے بجھا دیا دھماکے کے باعث کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ، نواکلی، جناح ٹاؤن، خیزی، اے ون سٹی، ہزار گنجی سمیت کچلاک، زیارت، بوستان، یارو، کربلا، برحرئی، پشین گیس کی سپلائی معطل ہوگئی بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق نامعلوم افراد نے دو کلو وزنی ٹائم ڈیوائس گیس پائپ لائن کے ساتھ نصب کیا تھا۔ سوئی سدرن گیس کے ترجمان کے مطابق سوئی سدرن کا تکنیکی عملہ جائے وقوعہ پر موجود ہے تاہم تباہ ہونے والی گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام قانون نافذ کرنے والے اداروں سے سیکورٹی کلیئرنس کے بعد آج 26 دسمبر کی صبح سے شروع کیا جائے گا، پائپ لائن کے متاثرہ 8 فٹ کے حصے کو تبدیل کرنے میں 12 گھنٹے کا وقت درکار ہے تاہم سوئی سدرن کا عملہ اس کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کرے گا۔

MASHRIQ QUETTA

# جعلی پولیس اہلکار سمیت 6 ملزمان گرفتار، گاڑی برآمد

**محمد اختر اور عبدالعلی کے خلاف غیر رجسٹرڈ پراپرٹی کاروبار کرنے پر مقدمہ درج**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انڈسٹریل پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جعلی پولیس اہلکار سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کرکے کراچی سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایچ او انڈسٹریل پولیس خیر محمد نے کارروائی کرتے ہوئے یونس نامی پولیس اہلکاروں کو گرفتار کرکے اس سے آر آر جی کی یونیفارم برآمد کرلی دوسری کارروائی میں ملزم داؤد شاہ سے کراچی سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد کرلی

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ملزم داؤد شاہ ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے اس کے علاوہ سجاد علی سے پسٹل بمعہ راؤنڈ ایک اور کارروائی میں محمد اختر اور عبدالعلی کے خلاف غیر رجسٹرڈ پراپرٹی کا کاروبار کرنے کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

**وگی میں فائرنگ**

**بھورل نامی شخص قتل**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وگی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا لیویز کے مطابق گزشتہ روز وگی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے بھورل نامی شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز نے موقع پر پہنچ کر نعش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کردی۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 20

# پاک ایران سرحد پر تجارتی بندش، گوادر میں احتجاجی دھرنا، بارڈر ٹریڈ کا مستقل حل نکالنے کی ضرورت!

بلوچستان سے منسلک ایران کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی بندش سے مقامی تاجر اور لوگ معاشی پریشانی سے دوچار ہیں۔ گزشتہ کئی ماہ سے تجارت پر بندش اور محدود پیمانے پر گاڑیوں کی اجازت سے مقامی لوگوں میں تشویش پائی جاتی ہے کیونکہ مقامی تاجروں اور عوام کا ذریعہ معاش سرحدی تجارت سے وابستہ ہے جس کی بندش کے باعث لوگ نان شبینہ کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں۔ بلوچستان میں ماسوائے ضلع لسبیلہ حب میں صنعتی زون کے دیگر اضلاع میں کوئی صنعتی زون موجود نہیں اور نہ ہی ملٹی نیشنل کمپنیوں کی سرمایہ کاری موجود ہے، بڑی مارکیٹیں نہیں یعنی بلوچستان میں روزگار کے مواقع بہت ہی محدود ہیں خاص کر سرحدی علاقوں میں تو بارڈر ٹریڈ کے علاوہ کوئی بھی تجارتی مواقع دستیاب نہیں کہ جس سے ان کے گھر کے چولہے جلیں۔ دہائیوں سے پاک ایران سرحد پر دونوں ممالک کے سرحدی علاقوں کے رہائشی بارڈر ٹریڈ کے ذریعے اپنا روزگار کماتے ہیں مگر سرحدوں پر سختی اور بندش کے باعث اب لوگ بہت زیادہ متاثر ہیں۔ گوادر میں آل پارٹیز کی جانب سے میرین ڈرائیو پر ایک ہفتے سے زائد سرحدی تجارت کی بندش، پانی، بجلی کے مسائل کے خلاف دھرنا جاری ہے۔ مظاہرین کا اولین مطالبہ ہے کہ تیل اور دیگر اجناس کی تجارت کے لیے ایران کے ساتھ سرحد کو دوبارہ کھول دیا جائے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ سرحدی تجارت گوادر کے رہائشیوں کے لیے روزی کمانے کا بنیادی ذریعہ ہے اور سرحد کی طویل بندش کی وجہ سے اکثر لوگ بے روزگار ہو گئے ہیں۔ رہنماؤں نے کانتانی ہور بارڈر پر ٹوکن سسٹم متعارف کرانے پر تنقید کرتے ہوئے اسے تجارت کی راہ میں بڑی رکاوٹ قرار دیا، ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام نے خطے میں بیروزگاری میں اضافہ کیا ہے۔ مظاہرین نے ٹوکن سسٹم کے فوری خاتمے اور سرحد پر بلا روک ٹوک تجارت جاری رکھنے کا مطالبہ کیا ہے۔ احتجاج میں شریک مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ سی پیک منصوبے کے لیے اہم سمجھے جانے والے گوادر شہر بجلی اور پینے کے پانی سے محروم ہے۔ بہرحال احتجاجی دھرنے کے شرکاء کے ساتھ اب تک حکومتی سطح پر کوئی مذاکرات نہیں ہوئے ہیں مگر حکومتی اتحاد میں موجود اراکین اسمبلی اور وزراء بھی پاک ایران سرحد پر تجارتی بندش پر ناخوش ہیں جس کا اظہار انہوں نے اسمبلی فلور پر بھی کیا ہے مگر اس دیرینہ مسئلے کا حل اب تک نہیں نکالا گیا ہے کہ پاک ایران سرحد پر تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کے حوالے سے راستہ نکالا جائے تاکہ سرحدی علاقوں کے لوگ معاشی بحران سے نکل جائیں۔ اب یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ کوئی درمیانہ راستہ نکالتے ہوئے پاک ایران سرحد پر تجارتی سرگرمیوں کو بحال کرائے جس کیلئے قانونی راستہ اپنانے پر بھی غور کیا جائے جو سب کیلئے قابل قبول ہو، سرحد پر تجارتی بندش و سختی سے معاملہ مزید گھمبیر شکل اختیار کرسکتا ہے لہٰذا اس اہم مسئلے کو حل کرنے کیلئے حکومت فریقین سے بات چیت کرے اور اس مسئلے کا مستقل بنیادوں پر حل نکالے جو سب کے مشترکہ مفاد میں ہو۔

# Bugti committed to consensus-driven solutions

## Says Balochistan's challenges can be overcome by joining hands

SYED ALI SHAH

QUETTA

Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti reaffirmed his commitment to addressing the province's challenges through consultation and consensus.

Speaking after an informal meeting with prominent political figures, CM Bugti emphasised that the provincial government would work diligently to meet the expectations of the people.

The meeting, held in a cordial atmosphere, included former chief minister Nawab Sanaullah Khan Zehri, Senate members Mir Abdul Qudous Bizenjo and Samina Zehri, and newly-elected MPA Mir Ali Hasan Zehri.

Discussions focused on Balochistan's political and social issues, law and order, and public welfare.

Earlier, during the Balochistan Assembly session, Speaker Captain (R) Khaliq Achakzai administered the oath to Mir Ali Hasan Zehri as the new MPA from Hub. During the session, former chief minister Nawab Aslam Raisani voiced concerns about unnecessary security checks at military posts.

"The people of Balochistan are facing undue harassment at security check posts. These practices must end to restore public confidence."

Responding to the concern, CM Bugti assured the assembly of immediate action, "We are committed to ensuring that unnecessary check posts are removed. The security forces will be directed to address these grievances without compromising public safety."

The assembly also discussed key issues, including the kidnapping of 10-year-old Muhammad Musawir Khan, underscoring the urgent need for improved law enforcement. "Our government will spare no effort in ensuring the safety and well-being of the people of Balochistan. Every challenge will be tackled with a collaborative approach."

Check posts in Balochistan, established primarily for security purposes, have become a source of inconvenience for residents, travelers, and businesses.

Frequent stops at these posts often result in prolonged delays, especially on major highways connecting cities and regions. This disrupts the movement of goods, increasing transportation costs and hindering trade in an already economically challenged province.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: Balochistan Express Quetta

Dated. 26 DEC 2024 Page No. 22

By Ajmal Khan

# Shortlisted Candidates' Protest: A Cry for Justice

**Balochistan, Pakistan's largest province by area, has long grappled with a critically underdeveloped education system. Despite repeated promises from successive governments, the state of education in the region remains dismal, plagued by a lack of infrastructure, insufficient funding, and a chronic shortage of qualified teachers. Recently, the issue has been further exacerbated by the provincial government's controversial policy of contractual appointments and delays in issuing permanent appointment orders to deserving teaching candidates.**

Recent data paints a grim picture of the state of education in Balochistan. Over 3,500 schools remain non-functional due to a severe shortage of teachers and lack of facilities. More than 3 million children are currently out of school in the province, and there is a deficit of approximately 16,000 teachers needed to meet educational demands. The literacy rate stands at 33% for females and 46% for males, reflecting a significant gender gap.

In a significant show of frustration and desperation, a large number of shortlisted candidates for teaching positions staged a sit-in protest in front of the Balochistan Provincial Assembly. These candidates had successfully passed rigorous testing and recruitment processes and had been waiting for their permanent appointment orders for years. However, instead of honoring their commitment to these candidates, the government has opted to initiate fresh contractual appointments for newly advertised teaching posts. The protestors have raised valid concerns about the discriminatory and unjust nature of this decision. They argue that their rightfully earned opportunities are being denied and replaced with short-term contractual appointments, which lack job security and long-term benefits. This approach not only undermines the merit-based recruitment process but also reflects poorly on the government's priorities in addressing the education crisis.

The practice of contractual appointments in the education sector brings several adverse consequences. Teachers employed on temporary contracts often lack motivation and commitment due to job insecurity and insufficient compensation packages. This results in a high turnover rate, disrupting the continuity of education and affecting students' learning outcomes. Additionally, contractual teachers are less likely to invest in long-term professional development or build strong relationships with students and communities, further weakening the overall quality of education. In a region like Balochistan, where access to quality education is already limited, such instability within the teaching workforce exacerbates the existing challenges. Permanent employment, on the other hand, fosters accountability, dedication, and a stronger sense of responsibility among educators.

Despite repeated assurances from Chief Minister Sarfraz Bugti to address the education crisis on an emergency basis, his administration's actions suggest otherwise. While he continues to claim that education is a top priority, his government's decision to sideline shortlisted candidates and prioritize fresh contractual appointments sends a contradictory message. The delay in issuing permanent appointment orders is not just an administrative failure but also a reflection of the government's lack of seriousness in tackling the deep-rooted problems within the education sector. Instead of resolving the grievances of the shortlisted candidates, the CM's approach seems to be adding fuel to an already burning issue.

The government of Balochistan must take immediate and concrete steps to address the legitimate demands of the shortlisted candidates. Permanent appointment orders should be issued without further delay, and the practice of contractual hiring should be minimized, if not entirely eliminated, in the education sector. Furthermore, long-term reforms are needed to ensure transparency and meritocracy in teacher recruitment. The provincial leadership must recognize that investing in a stable and motivated teaching workforce is essential for the future of education in Balochistan. The people of Balochistan, especially its youth, deserve better. They deserve an education system that empowers them, not one that continues to fail them due to poor governance and misplaced priorities. It is high time for the government to move beyond hollow promises and take meaningful action to secure the future of education in the province.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 DEC 2024 Page No. 23

# Out-of-School Children: Balochistan's Biggest Challenge

The children of today are the leaders of tomorrow, and their education serves as the foundation for a nation's progress. In Balochistan, the alarming number of out-of-school children hinders not only their individual potential but also poses a significant threat to the future of the entire region. Education is the backbone of any society, and when children are deprived of it, development becomes a distant dream.

Balochistan has one of the highest numbers of out-of-school children in Pakistan, with 78% of girls and 63% of boys not attending school. This issue exists due to multiple reasons, including poverty, which prevents families from affording school fees, uniforms, or books. In many areas, schools are either nonexistent or in poor condition. Girls often face cultural restrictions that stop them from attending school. Safety issues and conflicts in the region also make it difficult for children to study. These problems keep many children away from education, leaving them without the chance to build a better future.

According to UNICEF, 22.5 million children aged 5-16 were out of school in 2019. In 2020, 258 million children and youth were out of school. The devastating floods have destroyed many schools, leaving numerous children without access to education.

Furthermore, the Gross Enrollment Rate (GER) for primary education is 54%, with 87 males and 74 females out of school. Official data reveals that around 0.8 million school-age children are out of school, and the education rate in Balochistan stands at 44%. To address this critical issue, the government should focus on building more schools in remote areas and improving their facilities. Providing free education, along with books, uniforms, and meals, can help families struggling with poverty. Campaigns should promote the importance of sending all children, especially girls, to school. The public can play a vital role by supporting these efforts through donations, volunteering, and spreading awareness.

Nida Azeem
TURBAT, KECH